83590- تنخواہ حاصل کرنے والے ٹیلی فون کے ملازم کو انعام واکرام دینا

سوال

کام کرنے سے فارغ ہونے والے کو انعام واکرام دینے کا حکم کیا ہے مثلا ٹیلی فون کا ملازم ٹیلی فون صحیح کرلے توکیا میرے لیے اسے بطور انعام کچھ دوں یا نہ، یہ علم میں رہے کہ وہ مقرر کردہ تنخواہ لیتا ہے ؟

پسندیدہ جواب

جوملازم تنخواہ لیتا ہو آپ کے لیے جائز نہیں کہ اسے اس کے کام کی بنا پر کوئی ہدیہ یا انعام دیں، اس کی دلیل بخاری اور مسلم شریف کی درج ذیل حدیث ہے :

امام بخاری اورامام مسلم رحمہما اللہ نے ابو حمید ساعدی رضی اللہ تعالی عنہ سے حدیث بیان کی ہے کہ :

" نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بنواسد کے ایک شخص جس کا نام ابن اللتبیۃ تھا کوزکاۃ اکٹھی کرنے کے لیے بھیجا، جب وہ زکاۃ اکٹھی کرکے لایا توکہنے لگا : یہ تمہارا ہے، اور یہ مجھے ہدیہ دیا گیا ہے، تورسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر تشریف لائے اور اللہ تعالی کی حمدوثنا بیان کرنے کے بعد فرمایا :

"اس اہلکار کی حالت کیا ہے جسے ہم کسی کام کے لیے روانہ کرتے ہیں تووہ آکر کہتا ہے : یہ آپ کا ہے، اور یہ میرا، تووہ اپنے ماں باپ کے گھرہی کیوں نہ بیٹھا رہا اورانتظار کرے کہ آیا اسے ہدیہ دیا جاتا ہے یا نہیں ؟

اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے وہ جوکچھ بھی لائے گا روزقیامت اسے اپنی گردن پر اٹھائے ہوئے ہوگا، اگروہ اونٹ ہے توآواز نکال رہا ہوگا، یا گائے ہوگی تووہ بھائیں بھائیں کررہی ہوگی، یا پھر بکری ہوگی تووہ ممیا رہی ہوگی"

پھر رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھ اوپر اٹھائے توہم نے آپ کی بغلوں کی سفیدی دیکھی، اور فرمایا : خبردار رہو، میں نے پہنچا دیا ہے"

صحیح بخاری حدیث نمبر (7174) صحیح مسلم حدیث نمبر (1832).

امام نووی رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں :

"اس حدیث میں بیان ہوا ہے کہ ملازمین کوہدیہ دینا حرام ہے، اسی لیے حدیث میں اس کی سزا اور جوچیز اسے ہدیہ دی گئی ہو وہ روزقیامت اٹھا کرلائے گا، اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اسی حدیث میں ملازم کے لیے ہدیہ کی حرمت کا سبب بھی بیان فرمایا ہے کہ یہ اس کی ذمہ داری کی بنا پر ہے، غیر ملازم کے ہدیہ کے بخلاف کیونکہ وہ مستحب ہے اور ملازم وغیرہ جوہدیہ کے نام سے لیتا ہے اس کا حکم یہ ہے کہ وہ یا توہدیہ دینے والے کوواپس کرے، اور اگرایسا کرنا مشکل ہو توپھر وہ بیت المال میں جمع کردیا جائیگا"

دیکھیں : شرح مسلم للنووی (462/6).

اور عبداللہ بن بریدہ اپنے باپ سے بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

"جس شخص کو بھی ہم نے کسی کام پر لگایا اور اسے ہم نے اس پر مال بھی دیا تو اس کے بعد وہ جو کچھ لے گا وہ خیانت ہو گی"

حدیث کا معنی یہ ہے کہ :

جس شخص کو بھی ہم نے کسی کام پر مقرر کیا اور اسے اس کام کی اجرت میں مال بھی دیا، تو اس کے بعد اس شخص کے لیے کوئی چیز لینی حلال نہیں، اور اگر وہ لیتا ہے تو وہ خیانت ہو گی، اور غلول مال غنیمت اور مسلمانوں کے بیت المال میں خیانت کو کہا جاتا ہے.

سنن ابو داود حدیث (2943) علامہ البانی رحمہ اللہ نے صحیح سنن ابو داود میں اسے صحیح قرار دیا ہے.

ان دونوں حدیثوں میں یہ بیان ہوا ہے کہ جو شخص ملازم ہو اور اپنے محکمہ اور ادارہ سے تنخواہ وصول کرتا ہو، اس کے لیے اپنے کام کی بنا پر کسی اور سے مال یا ہدیہ قبول کرنا جائز نہیں، اور اگر وہ ایسا کرتا ہے تو وہ مال غنیمت میں خیانت جیسے کام کا مرتکب ہو گا.

شیخ محمد صالح عثیمین رحمہ اللہ سے درج ذیل سوال کیا گیا :

ہم سرکاری ملازم ہیں اور رمضان المبارک میں سرکاری افسران کی جانب سے زکاۃ اور انعام واکرام آتا ہے، اور ہم زکاۃ اور انعام واکرام کو علیحدہ اور فرق نہیں کر سکتے کیونکہ ہمیں اس کا علم نہیں ہوتا، سوال یہ ہے کہ :

اگر ہم یہ مال لیتے ہیں حالانکہ ہمیں اس کی ضرورت نہیں اس سے مستغنی ہیں، یہ مال لے کر ہم بیواؤں اور یتیموں اور فقراء پر خرچ کر دیں تو اس کا حکم کیا ہو گا، اور اگر اس میں سے کچھ ہم نے خود اور اپنے اہل و عیال کو کھلا دیا تو کیا حکم ہو گا ؟

شیخ رحمہ اللہ کا جواب تھا :

"ملازمین کے ہدیہ جات غلول یعنی مال غنیمت اور بیت المال میں خیانت شمار ہوتے ہیں، یعنی جب سرکاری ملازم ہو اور اسے وہ شخص ہدیہ دے جس کا اس معاملہ کے ساتھ تعلق ہے تو یہ خیانت میں سے ہے، اور اس کے لیے اس سے کوئی چیز لینی جائز نہیں، چاہے وہ راضی و خوشی دے رہا ہو.

اس کی مثال یہ ہے کہ : ہم فرض کریں کہ آپ کا کسی محکمہ میں کوئی کام تھا اور آپ نے اس محکمہ کے افسر اور مدیر یا کسی ملازم کو ہدیہ دیا تو اس کے لیے یہ ہدیہ قبول کرنا حرام ہے؛ کیونکہ حدیث میں ہے :

"نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ابن اللتبیۃ کو زکاۃ اکٹھی کرنے کے لیے بھیجا، جب وہ زکاۃ اکٹھی کر کے لایا تو کہنے لگا : یہ تمہارا ہے، اور یہ مجھے ہدیہ دیا گیا ہے، تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر تشریف لائے اور اللہ تعالی کی حمد و ثنا بیان کرنے کے بعد فرمایا :

"تم میں سے اس شخص کی حالت کیا ہے جسے ہم کسی کام کے لیے روانہ کرتے ہیں تو وہ آ کر کہتا ہے : یہ آپ کا ہے، اور یہ میرا، تو وہ اپنے ماں باپ کے گھر ہی کیوں نہ بیٹھا رہا اور انتظار کرے کہ آیا اسے ہدیہ دیا جاتا ہے یا نہیں ؟

تو کسی بھی سرکاری محکمہ کے کسی ملازم کے لیے اپنے اس معاملہ میں جو اس محکمہ کے متعلق ہو کوئی بھی ہدیہ قبول کرنا حلال نہیں، اگر ہم یہ دروازہ کھول دیں اور یہ کہیں کہ : ملازم کے لیے ہدیہ قبول کرنا جائز ہے تو ہم رشوت کا دروازہ کھول دینگے، اور رشوت کا معاملہ بہت ہی زیادہ خطرناک ہے، اور یہ کبیرہ گناہوں میں شمار ہوتی ہے.

اس لیے سرکاری ملازمین پر واجب ہوتا ہے کہ اگر انہیں ہدیہ یا صدقہ یا زکاۃ کے نام سے کچھ دیا جائے تو وہ قبول نہ کریں، اور خاص کر جب وہ غنی اور مالدار ہوں، کیونکہ جیسا کہ معلوم ہے کہ اس حالت میں تو ان کے لیے زکاۃ حلال ہی نہیں ہے"

دیکھیں: فتاوی الشیخ ابن عثیمین (18) سوال نمبر (270).

واللہ اعلم.